## ایم کیوایم کے تحت شہدائے سانحہ 18، اگست 2011ء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع

### قرآن خوانی کے اجتماع میں رابطہ کمیٹی، حق پرست سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ذمہ داران وکارکنان اور شہداء کے لواحقین نے شرکت کی

کراچی۔۔۔20، اگست 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام ہفتہ کے روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں شہدائے سانحہ 18، اگست 2011ء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد ہوا جس میں نماز ظہر تا عصر شہداء کی ارواح کے بلند درجات کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین طارق جاوید، شعیب بخاری، واسع جلیل، سلیم تاجک، سیف یارخان، کیف الوریٰ، مصطفی کمال ، رضا ہارون، شاکر علی، محترمہ ممتاز انور، گلفراز خٹک، یوسف شاہوانی، حق پرست سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، نائن زیرو کے مختلف شعبہ جات کے اراکین، سیکٹرو یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں، خواتین اور شہداء کے لواحقین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں حق پرستوں رکن سندھ اسمبلی عبدالحسیب نے خشوع وخضوع کے ساتھ فاتحہ خوانی اور دعا کرائی جس میں شہدائے سانحہ 18، اگست 2011ء سمیت تمام حق پرست کے بلند درجات، زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی، دہشتگردوں کے ہاتھوں مغوی بنائے گئے افراد کی جلد و بحفاظت بازیابی، ایم کیوایم کے اسیر کارکنان کی جلد رہائی، کراچی سمیت ملک بھر میں قیام امن، حق پرستانہ مشن ومقصد کی کامیابی، دہشتگردی و بربریت میں ملوث دہشتگردوں کے خاتمے اور ایم کیوایم کیخلاف سازشوں کے خاتمے کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ یادرہے کہ 18، اگست کو پیپلز امن کمیٹی اور گینگ وار کے دہشتگردوں نے شہر کے مختلف علاقوں میں بسوں سے بے گناہ افراد کو اغواء کرکے عقوبت خانوں میں لیجا کر انسانیت سوز تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد فائرنگ کرکے نہ صرف شہید کردیا بلکہ شہر کے امن کو تباہ کرکے شہر کی فضا کو ایک بار پھر سوگوار بنادیا۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکنان محمد یسٰین اور شاہد علی کی شہادت پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20اگست 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 79 کے کارکن محمد یسٰین اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن شاہد علی کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہدا کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

### حق پرست عوام وکارکنان ظفر عباس کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں، جناب الطاف حسین کی اپیل

لندن:۔۔۔20اگست، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے رکن ظفر عباس کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ ظفر عباس کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔واضح رہے ظفر عباس عارضہ قلب کی بیماری میں مبتلا ہیں اور ان دنوں وہ مقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔۔20اگست، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اورنگی سیکٹر یونٹ 118/B کے کارکن محمد محمود کے والد محمد وزیر داؤد، فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 155 کے کارکن محمد توفیق کے والد محمد صدیق اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن محمد بشیر کے صاحبزادے محمد طلحہٰ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## دہشت گردوں کے ہاتھوں کارکنان محمد یٰسین اور شاہد علی کا قتل شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش ہے رابطہ کمیٹی

کراچی:۔۔۔20اگست،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 79 کے کارکن محمد یٰسین اور یونٹ 69 کے کارکن شاہد علی کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واقعہ کو شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ جرائم پیشہ و گینگ مافیا کے دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان اور ہمدردوں کو شہید کررہے ہیں اور شہر کو آگ وخون میں نہلانا چاہتے ہیں تاکہ ان واقعات کے ذریعے دہشت گرد عناصر شہر کو عدم استحکام سے دوچار کرسکیں ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ محمد یٰسین اور شاہد علی کی شہادت کا واقعہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے یم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 79 کے کارکن محمد یٰسین اور یونٹ 69 کے کارکن شاہد علی کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا بھی کی ۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زادری، وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک ،وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور وزیر داخلہ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ وہ جرائم پیشہ و گینگ مافیا کے دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکنان محمد یٰسین اور شاہد علی کے قتل کا نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبر تناک سزادی جائے۔

## ایم کیوایم آزادی صحافت پر یقین رکھتی ہے،نثار پنہور
## متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے زیرِ اہتمام سیاسی وسماجی شخصیات،تاجر تنظیموں کے نمائندوں، انٹیلکچوئل، پرنٹ والیکٹرونک میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کے اعزاز میں افطار ڈنر تقریب سے خطاب

کراچی:۔۔۔20اگست،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے زیرِ اہتمام گزشتہ روز قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سیاسی وسماجی شخصیات ،تاجر تنظیموں کے نمائندوں ،انٹیلکچوئل ، پرنٹ و الیکٹرونک میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں ،فوٹو گرافروں اور کیمرہ مینوں کے اعزاز میں غزنوی پارک میانی روڈ میں افطاڈنر کا انعقاد کیا گیا۔جس میں سکھر کی سیاسی وسماجی شخصیات پاکستان پیپلز پارٹی کے ایم این اے نعمان اسلام شیخ ،سنی تحریک کے ڈویژنل کنویز محبوب سہتو ،تاجر تنظیموں کے نمائندوں ،انٹیلکچوئل ، پرنٹ والیکٹرونک میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی عارف مسیح ،رکن سندھ اسمبلی واندورن سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج نثار احمد پنہور واراکین اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی ،ایم کیوایم سکھر زون کے انچارج واراکین زونل کمیٹی بھی موجود تھے۔افطار ڈنر کی تقریب کے انعقاد پر شرکاء نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔اس موقع پر افطار ڈنر کی تقریب خطاب کرتے ہوئے نثار پنہور نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ صحافیوں کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے،ایم کیوایم آزادی صحافت پر یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جو ملک میں جمہویت کے فروغ واستحکام کیلئے جدوجہد کرنا چاہتی ہے۔انہوں نے کراچی میں جاری دہشت گردی کے واقعات میں بے گناہ افراد کی شہادت پر اظہار مذمت کرتے ہوئے ان واقعات کو امن وملک دشمن عناصر کی گھناؤنی سازش قرار دیا۔بعدازاں تقریب کے شرکاء نے کراچی میں جاری پر تشدد کاروائیوں میں شہید ہونیوالے افراد کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔

☆☆☆☆☆